ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (111)

15.02.2023

# بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس پرانے ملزمان کی گرفتاریوں اور قانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کو ٹاسک،مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات کو یکسو کریں،روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کروں گا،ڈی پی او

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور کے تمام تھانوں کو پرانے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دے دیا۔ایسے تمام اشتہاری ملزمان جو پچھلے کئی سالوں سے روپوش ہیں ان کو گرفتار کرنے کا حکم جاری کر دیا گیا۔ڈی پی او نے تمام متعلقہ ایس ایچ اوز کو اس بارے واضع ہدایات جاری کر دیں۔ بہاولپور کے شہریوں کو ہر ممکن حد تک دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے ریلیف دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔عادی مجرمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلیے بہاولپور پولیس دن رات کوشاں ہے۔تمام فیلڈ افسران اشتہاری ملزمان کو ہر صورت دی گئی ڈیڈ لائن میں گرفتار کریں گے۔انٹر پول سے کوآرڈینیٹ کر کے بیرون ملک فرار اشتہاریوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر تفتیشی افسران سے کوآپریشن کر کے ملزمان کی نقل وحرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو انویسٹی گیشن اور آپریشن میں استعمال کیا جائے، میں روزانہ کی بنیاد پر تمام ضلع کے تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اور جن کی پرفارمنس میں کمی ہوئی ان کو اس کا جواب دینا پڑے گا اور اچھی پرفارمنس والے افسران کو سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کے افسران کو جاری ہدایات میں کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(112)

15-02-2023

**بہاول پور() ڈی پی اوسید محمد عباس کا ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ اسکول میں وزٹ، دوران وزٹ اسکول کا معائنہ کیا گیا،شہریوں کو مہلک حادثات سے بچاؤ اورٹریفک قوانین سے متعلق آ گاہی دی جا رہی ہے تا کہ قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکے،ڈی پی اوسید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کا ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول میں وزٹ کیا گیا، جہاں پر صبح و شام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹرسائیکل/موٹرکار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جا رہی ہے، ڈی پی اوسید محمد عباس نے اسکول کا تمام تر ویزٹ کیا اوراسکول کو سکورٹی کے حوالے سے بھی چیک کیا، ڈی پی اوسید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنا لوجی سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے۔آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پرلرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور نا تجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت و شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آ گاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے، لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہرصورت مدنظر رکھا جا رہا ہے، ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے آ گاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور() ڈی پی اوسید محمد عباس کا ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ اسکول میں وزٹ**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(113)

15-02-2023

## بہاول پور ( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں اسلحہ ناجائز اور سینکڑوں روند برآمد، ملزمان پابند سلاسل، مقدمہ درج۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے پولیس ٹیم کو سراہا۔

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے دن رات کی محنت اور جدید اختراعات کا سہارا لیتے ہوئے علاقہ تھانہ صدر بہاولپور میں بدامنی پھیلانے والے ملزمان محمد سرور، شہباز اور دیگر ساتھیوں کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ ملزمان پہلے سے تھانہ صدر پولیس کو ہوائی فائرنگ ، ناجائز قبضہ اور بلوہ جیسے مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ جن میں 03 عدد پسٹل نائن ایم ایم۔ ایک عدد پمپ ایکشن، 01 عدد رائفل ، 01 کلاشنکوف، بھاری مقدار میں میگزینز اور سینکڑوں روند برآمد کرلیے، ناجائز اسلحہ کے خلاف علیحدہ مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ملزمان اسلحہ کی مدد سے ناجائز قبضہ کرنے اور خوف وہراس پھیلانے کیلیے استعمال کرتے تھے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ صدر بہاولپور کی ٹیم کے کام کو سراہا اور سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان کیا۔

ترجمان پولیس بہاولپور



تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی بڑی کاروائی۔ محمد سرور، شہباز اور دیگر ساتھی گرفتار